میٹرنٹی سروسز کا آزادانہ جائزہ

جائزہ جاتی صدر کی جانب سے اہم پیغام

نوٹنگھم یونیورسٹی ہاسپٹلز NHS ٹرسٹ (Nottingham University Hospitals NHS Trust (NUH)) کی جانب سے آزاد جائزہ جاتی ٹیم میٹرنیٹی کے لیے فراہم کردہ نگہداشت کے تمام پہلوؤں پر نظر ثانی کر رہی ہے۔

ہم اب قبل از پیدائش نگہداشت پر توجہ مرکوز کرنا شروع کر رہے ہیں۔ قبل از پیدائش نگہداشت سے ہماری مراد وہ نگہداشت ہے جو ایک خاتون اپنے حمل کے دوران مختلف مراحل پر موصول کرتی ہے تاکہ چیک کیا جائے کہ وہ اور اس کا بچہ (یا بچے) دونوں ممکنہ حد تک صحت مند ہیں۔ اس میں الٹرا ساؤنڈ اسکیننگ، مخصوص حالات کے لیے قبل از پیدائش اسکیننگ، اور قبل از پیدائش تشخیص شامل ہو سکتے ہیں۔

ہم خواتین اور فیملیوں سے جاننے کے خواہاں ہیں جو ہمیں اپنی اس قبل از پیدائش نگہداشت کے بارے میں بتانا چاہیں جو انہیں آیا نوٹنگھم سٹی ہاسپٹل (Nottingham City Hospital) یا کوئنز میڈیکل سینٹر (Queen’s Medical Centre) میں موصول ہوئیں۔ اگر آپ یا آپ کی فیملی کا ممبر اس میں شامل ہے، تو میں آپ سے گزارش کرتی ہوں کہ جائزہ جاتی ٹیم سے فون یا ای میل، یا مندرجہ بالا QR کوڈ کے ذریعے رابطہ کریں۔

شکریہ

ڈونا اوکینڈن (Donna Ockenden)

اپنے قبل از پیدائش تجربے کے بارے میں بتانے کے لیے ہم سے رابطہ کریں:

antenatalexperience@donnaockenden.com

01243 786993

www.ockendenmaternityreview.org.uk